**فوری ریلیز کے لیے:** 10/8/2022 ***KATHY HOCHUL گورنر***

**گورنر HOCHUL بفلو میں 2.4$ ملین کے سستے ہاؤسنگ ترقیاتی کام کے شاندار افتتاح کا اعلان کرتی ہیں**

***سگار فیکٹری (Cigar Factory) اپارٹمنٹس مشرقی بفلو میں نئے سستے گھر اور کمرشل جگہ فراہم کریں گے***

***تصاویر [یہاں](#) دستیاب ہیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج 2.4$ ملین کی لاگت سے مخلوط استعمال والے ترقیاتی کاموں کی تکمیل کا اعلان کیا ہے جو بفلو کے مشرقی جانب 11 سستے گھروں اور نئی کمرشل جگہ کا اضافہ کرتے ہیں۔ سگار فیکٹری اپارٹمنٹس، تاریخی جانکوسکی سگار فیکٹری (Jankowski Cigar Factory) کے مقام کے نئے ترقیاتی کام اور اس سے متصل ایک عمارت کی نئی تعمیر پر مشتمل ہیں۔

"یہ ترقیاتی کام، مشرقی بفلو میں اصلاح کرنے کے ہمارے عزم کا ایک بڑا حصہ ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ریاستی فنڈنگ میں 2$ ملین کا شکریہ، کہ سگار فیکٹری اپارٹمنٹس نے ایک پرانے، سگار پلانٹ کو خوبصورت، محفوظ، سستے گھروں میں تبدیل کر دیا ہے۔ گھریلو مالکان کی معاونت اور کمرشل ڈسٹرکٹس کی احیائے نو کی خاطر 50$ ملین سمیت، آج کے شاندار افتتاح کے ساتھ، ہم مشرقی بفلو میں سرمایہ کاری کر رہے ہیں تاکہ پوری کمیونٹی کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جائے۔"

سگار فیکٹری اپارٹمنٹس، گورنر Hochul کے وسیع منصوبوں کی تکمیل کرتے ہیں تاکہ ہاؤسنگ کو مزید کم خرچ، مساویانہ اور مستحکم بنایا جائے۔ 2022-23 کے ریاستی بجٹ میں، گورنر نے 25$ بلین کا، ایک ایسا نیا پانچ سالہ، جامع رہائشی منصوبہ متعارف کروایا اور اسے کامیابی سے محفوظ بنایا ہے جو نیویارک بھر میں 100,000 سستے گھروں کی تعمیر یا بحالی کرتے ہوئے رہائش کی گنجائش میں اضافہ کرے گا، جس میں زدپذیر آبادیوں کے لیے معاونتی خدمات والے 10,000 گھروں کے علاوہ، 50,000 اضافی گھروں کو بجلی کی فراہمی شامل ہے۔

سگار فیکٹری اپارٹمنٹس میں ایک بیڈ روم والے سات اور دو بیڈ روم والے چار اپارٹمنٹس، بشمول گراؤنڈ فلور پر ایک چھوٹا قہوہ خانہ موجود ہے۔ تمام اپارٹمنٹس اس علاقے کی اوسط آمدنی کے 50 فیصد سے کم آمدنی والے گھرانوں کے لئے حسبِ استطاعت ہیں۔

سگار فیکٹری کا مقام، جو 595 فلمور ایونیو (Fillmore Avenue) میں واقع ہے، اس کو 2015 میں براڈوے فل مور نیبرہڈ ہاؤسنگ سروسز (Broadway Fillmore Neighborhood Housing Services - BFNHS) کی جانب سے خریدا گیا تھا، لیکن عمارت کا زیادہ تر حصہ چند ہفتوں بعد ہی آتشزدگی میں تباہ ہو گیا تھا۔ املاک کی عقبی جانب دو عمارتوں کو بچانا BFNHS کے لیے ممکن تھا، جس میں ایک اینٹوں والی عمارت شامل تھی جہاں تمباکو کے پتوں کو محفوظ کیا جاتا تھا اور رولنگ کے لیے تیار کیا جاتا تھا۔ BFNHS نے بعد ازاں 591 فلمور میں برابر کی جگہ بھی حاصل کر لی تھی۔ یہ ترقیاتی کام کا مقام، بفلو کے تاریخی مرکزی ٹرمینل کے ابتدائی گیٹ وے پر واقع ہے، جس کو جلد ہی 60$ ملین سے اوپر کی ریاستی علاقائی احیائے نو کی شراکت داری (State Regional Revitalization Partnership, RRP) فنڈنگ سے دوبارہ ترقی دی جائے گی جس کا[اعلان](#) گورنر نے جون میں

کیا تھا، اور یہ ایک صدی پرانی براڈ وے مارکیٹ کے قریب ہے، جو RRP کی جانب سے بڑے اصلاحی کاموں کے لئے تقریباً $37 ملین بھی وصول کرے گا۔

سگار فیکٹری کے لیے ہوم مقامی پروگرام (HOME Local Program) فنڈنگ کی مد میں $1.9 ملین اور ریاست نیویارک کی گھروں اور علاقوں کی تجدید (New York State Homes and Community Renewal) کی فنڈنگ کی جانب سے دیہی اور شہری سماجی کمیونٹی سرمایہ کاری فنڈ سے $40,000 شامل ہیں۔ ریاست نیو یارک کا محکمہ برائے توانائی کی تحقیق اور ترقی نے اپنے پسماندہ رہائشی نئی تعمیراتی ( Low-rise Residential New Construction) پروگرام کے ذریعے معاونت کی مد میں $11,000 کا عزم کیا ہے۔ ہوم فرنٹ (HomeFront) نے $160,000 اور سٹی آف بفلو نے $11,000 فراہم کیے ہیں۔

گورنر Hochul پہلے ہی ریاست کی جاری شدہ کوششوں کے حصے کے طور پر $50 ملین کی ہدف شدہ سرمایہ کاری کا اعلان کر چکی ہیں تاکہ 14 مئی 2022 کو ٹاپس سپر مارکیٹ (Tops Supermarket) میں سفید فام نسل پرستوں کے دہشت گرد حملوں کے تناظر میں مشرقی بفلو کمیونٹی کی فوری ضروریات پوری کی جائیں۔ ماضی کی تفرقہ بندی اور نشانہ بنانے کے حالیہ طرزِ عمل کی وجہ سے مشرقی بفلو میں ہاؤسنگ نمایاں طور پر عدم استحکام کا شکار ہوئی ہے اور افراد، خاندانوں، اور کمیونٹی کی دولت کمانے کی صلاحیت مسدود ہو گئی ہے۔ ریاست نے کچھ بروقت اقدامات کیے ہیں تاکہ $34.5 ملین کی سرمایہ کاری سے مشرقی بفلو میں مشکلات سے دوچار گھریلو مالکان کی معاونت کی جائے، جس میں یہ شامل ہے:

- نیویارک ریاست کے گھروں اور کمیونٹی کی تجدید اور محکمۂ ٹیکسیشن اور فنانس ( New York State Homes and Community Renewal and the Department of Taxation and Finance) کے لئے $20 ملین تاکہ 4,000 سے زائد اُن گھریلو مالکان کی خدمت کی جائے جن کو ٹیکس، پانی، سیوریج کے بقایا جات میں معاونت درکار ہے۔
- $10 ملین اس مد میں کہ 1,000 اُن گھریلو مالکان کی خدمت کی جائے جن کے گھروں کو مرمتوں کی شدید ضرورت ہے۔
- $4.5 ملین تاکہ 150 گھریلو مالکان کی خدمت کی جائے جن کو بیعانے کی ادائیگی میں معاونت تک رسائی حاصل ہو گی۔

گورنر Hochul نے حال ہی میں اعلان کیا ہے کہ مشرقی بفلو کے رہائشیوں کی معاونت کرنے والے ان جامع ہاؤسنگ پروگرامز کے لیے درخواستیں 9 اگست سے کھول دی جائیں گی۔ شہری ہاؤسنگ پروگرامز اور درخواست دینے کے متعلق مزید جاننے کے لیے 211 پر کال کر سکتے ہیں۔
**نیویارک ریاست کے گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنرRuthAnne Visnauskas نے کہا،** "سگار فیکٹری اپارٹمنٹس، بفلو کی مشرقی جانب میں ریاست کی جاری شدہ سرمایہ کاری کا ایک اہم جزو ہیں۔ یہ ترقیاتی کام 11 گھرانوں کے لیے محفوظ اور آرام دہ سستے گھر فراہم کرتا ہے جو اب یہاں رہتے ہیں اور اس نے براڈ وے فلمور کے گردونواح میں ایک اہمیت کی حامل محلِ وقوع پر ایک قیمتی کمرشل جگہ بنائی ہوئی ہے۔ مشرقی جانب کی کمیونٹی کے لیے گورنر Hochul کے عزمِ مسلسل کے لیے ہم انہیں خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں اور براڈ وے فلمور نیبرہڈ ہاؤسنگ سروس میں اپنے شرکاء کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے یہ ترقیاتی کام ممکن بنانے میں معاونت کی۔"

**Doreen M. Harris، صدر اور CEO برائے نیویارک اسٹیٹ توانائی کی تحقیق اور ترقیاتی اتھارٹی، نے کہا،** "سگار فیکٹری اپارٹمنٹس کے شاندار افتتاح سے، بفلو کی مشرقی جانب کے رہائشیوں کو سستی ہاؤسنگ تک مزید رسائی حاصل ہو گی جو کہ توانائی کی بچت کرنے والی اور ماحولیاتی اعتبار سے ذمہ داری کی حامل ہو گی، اس بات کی عکاسی کرنے والی کہ تاریخی عمارات کو صاف توانائی کا مستقبل بخشا جا سکتا ہے۔ NYSERDA کو اس پروگرام کی، اور اس جیسے دوسرے پروگرامز کی معاونت کرنے پر خوشی ہے، تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ ریاست کے رہنے کے لیے صحت بخش، پائیدار، اور ماحول دوست عمارتوں کو کاربن نیوٹرل معیشت میں تغیر سے نیویارک کے سب سے زیادہ زد پذیر شہریوں کو فائدہ پہنچ رہا ہو"

**Stephen Karnath، ایگزیکٹیو ڈائریکٹر برائے براڈوے فلمور NHS ،Inc. اور ہوم فرنٹ Inc.، نے کہا،** "آج اس دن تک پہنچنے میں اس پروجیکٹ نے بےشمار رکاوٹوں کو عبور کیا ہے، جس میں اس کو حاصل کرنے کے فوراً بعد ہی تباہ کن آتشزدگی کا سامنا کرنا، اور ایک عالمی وبا شامل ہیں، کہ جس نے تعمیرات کی رفتار کو نمایاں طور پر سست روی کا شکار کر دیا تھا۔ یہ ایک چھوٹا پروجیکٹ ہو سکتا ہے، لیکن ہم سمجھتے ہیں کہ یہ ایک انقلابی پروجیکٹ ہو سکتا ہے۔ یہ بطور سگار سٹور اور خاندانی گھر کے اپنے ماضی کی عکاسی بھی کرتا ہے، اور یہ براڈ وے فلمور کے گردونواح کے مستقبل کو گامزن ہونے کی ایک نئی راہ بھی دکھاتا ہے۔"

**ریاستی سینیٹر Tim Kennedy نے کہا،** "بہرحال یہ پروجیکٹ اس بات کی ایک اور مثال ہے کہ جب ہم اپنے شہر کے ماضی کو محفوظ رکھنے اور اسے ایک ایسے شاندار مستقبل میں، کہ جو ہم بنا رہے ہیں، یکجا کرنے کا عزم کر لیں تو کیا کچھ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ براڈ وے فل مور نیبرہڈ ہاؤسنگ سروسز کے نظریے کے ذریعے، ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Stephen Karnath اور Carmina Wood Morris، اور نیویارک ریاست کی معاونت کے ساتھ، یہ مقام ایک مرتبہ پھر زندگی کی جانب لوٹ رہا ہے، اور ایک تاریخی ڈھانچے کو کمیونٹی کی مرکز بننے والی جگہ میں تبدیل کیا جا رہا ہے۔"

**میئر Byron W. Brown نے کہا،** "میں براڈ وے فلمور نیبرہڈ ہاؤسنگ سروسز کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے اس سستے رہائشی اور پرچون پروجیکٹ کی تکمیل میں استقامت سے کام لیا۔ سابقہ جانکوسکی سگار فیکٹری کو رہائشوں میں تبدیل کرنا ایک کٹھن مرحلہ تھا، بلکہ 2015 کی اس آتشزدگی پر قابو پانے کے لیے، ہمت درکار تھی جو بہت آگے تک پھیل چکی تھی۔ بفلو مرکزی ٹرمینل کے گیٹ وے پر واقع، یہ ترقیاتی کام، نیویارک ریاست میں اور مجموعی طور پر شہر کی کوششوں میں ایک اہم اضافہ ہے تاکہ براڈ وے فلمور راہداری اور مشرقی بفلو کو نئی زندگی عطا کی جائے۔"

###

اضافی خبریں یہاں دستیاب ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیویارک | ایگزیکٹو چیمبر | 518.474.8418 | press.office@exec.ny.gov